"ازواج مطہرات" مسلمانوں کی قرآنی مائیں ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ازدواجی رشتہ کے سبب ان کا بھی نصیب جاگ اٹھا اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب مقدس میں جابجا ان کا بڑی محبت سے ذکر کیا۔

بدنصیب لوگوں نے رسول اکرمؐ کی دشمنی کے پردہ میں ان مقدس خواتین کے خلاف عجیب و غریب قسم کی زبان استعمال کی لیکن اللہ تعالیٰ بھلا کرے ان سعادت مند لوگوں کا جنہوں نے اپنی علمی، تصنیفی، تالیفی اور قلمی صلاحیتوں کو ثنا خوانی رسول اور رسول اکرمؐ سے کسی قسم کا رشتہ رکھنے والے مردوں اور عورتوں کی تعریف و دفاع میں خرچ کیا۔

ابوخالد عبدالرشید صاحب ایسے ہی خوش قسمت فرد ہیں جنہوں نے اپنی صلاحیتوں کو اس حوالہ سے خرچ کیا اور ۲۵۶ صفحات کی کتاب ان مقدس ماؤں کے متعلق لکھ ڈالی جو کائنات کی مسلم عورتوں کی سرتاج، سرمایہ اور اسوۃ ہیں۔

پہلے باب میں ازواج مطہرات کی کثرت پر مغربی دنیا کے اعتراضات کا بڑی سنجیدگی سے جائزہ لیا گیا ہے اور بعض گھر کے بھیدیوں کے حوالہ سے اس کی افادیت کو واضح کیا گیا ہے — جب کہ دوسری باب ازواج مطہرات، ضمناً بنات النبیؐ اور ان سے متعلق بعض دوسری تفصیلات پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب ہر پڑھے لکھے مرد و زن کے کام کی چیز ہے اس کا مطالعہ بڑا مفید ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

(۴)

نام کتاب: صاحب منبر و محراب از: قمر بدایونی مرحوم

قیمت -/۱۲ روپے ملنے کا پتہ: ادارہ صراط مستقیم — کراچی ۲۵

۱۲۶ صفحات پر مشتمل یہ نظم سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی منقبت، ان کے کارناموں اور خصوصیات و کمالات پر مشتمل ہے — سبحان اللہ آنکھیں ٹھنڈی ہوگئیں قمر بدایونی مرحوم کے لئے دل سے دعائیں نکلیں، کتنے خوش قسمت تھے کہ اپنی شعری صلاحیتوں کو اس طرح کھپایا، ورنہ تو یار لوگوں کو شاہد و شراب سے ہی فرصت نہیں۔